سوال

ننگے سر نماز پڑھنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سیدنا محمد ﷺ نے حج اور عمرہ کے علاوہ کبھی ننگے سر نماز پڑھی ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میرے علم میں ایسی کوئی حدیث نہیں ہے جس میں یہ صراحت ہو کہ نبی ﷺ نے حج یا عام حالت میں کبھی ننگے سر نماز پڑھی ہو۔ واللہ اعلم

لیکن عمومی دلائل سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ نے حج و عمرہ میں ننگے سر ہی نماز پڑھی ہوگی کیونکہ حالت احرام میں سر کو ڈھانپنا ممنوع ہے ۔

اسی طرح سیدنا جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آیا ہے کہ نبی ﷺ نے ایک کپڑے میں التحاف کرتے ہوئے نماز پڑھی جائے تو سر ننگا رہتا ہے، صرف کندھے اور باقی جسم ٹخنوں سے اوپر تک ڈھکا جاتا ہے ۔

یہاں بطور تنبیہ عرض ہے کہ مردوں کے لیے ننگے سر نماز پڑھنے کے جواز پر متعدد دلائل موجود ہیں :

1) کتاب وسنت میں ایسی کوئی نص صحیح نہیں ہے کہ مردوں کی نماز ننگے سر نہیں ہوتی ۔

2) ایک صحیح حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی نوجوان عورت کی نماز دوپٹے کے بغیر قبول نہیں کرتا ۔ (سنن ابی داوٗد : 641)

3) اسے ابن خزیمہ ۔ ابن حبان ، حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا ہے ۔

(دیکھئے نیل المقصود فی التعلیق علی سنن ابی داود ج 1 ص 224 لراقم الحروف)

اس حدیث سے بطور مفہوم المخالفہ معلوم ہوتا ہے کہ مرد کی نماز ننگے سر ہو جاتی ہے ۔

غالبا انہی دلائل اور ان جیسے دوسرے دلائل کی بنیاد پر حنفی فقہاء نے عاجزی وخشوع کی نیت سے ننگے سر نماز پڑھنا مردوں کے لیے جائز قرار دیا ہے

دیکھئے فتاوی عالمگیری ج1ص106فتاوی شامی ج1ص474)

حنفیوں کوچھوڑیئے !دیوبندی وبریلوی حضرات بھی ننگے سر نماز جائز ہونے کے قائل ہیں ۔ دیکھئے فتاوی دارالعلوم دیوبند(ج4ص94)احکام شریعت لاحمدرضاخان بریلوی (ص130)

ھذاما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص395

محدث فتویٰ